02/10/2025

12.30 PM

آداب

يہ آکاش وانی سرينگر ہے ۔

اب آپ سيد مشاہد احمدسے خبريں سُنئے

خراج

قوم آج با بائے قوم مہا تما گاندهی کو اُ ن کی156 ويں جينتی پر خراج عقيدت پيش کر رہی ہے۔ اس سلسلے ميں آج دن بهر کئی تقريبات کا اہتمام ہے جبکہ قومی راجدهانی ميں آج راج گهاٹ پر سبهی مذاہب کی ايک دعائيہ مجلس کا اہتمام ہوا۔

رادها کرشنن، وزير اعظم نريندر مو دی، لوک CPصدرجمہوريہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوريہ سبها سپيکر اوم برلا اور مکانات و شہری امور کے وزير منوہر لال نے آج سويرے راج گهاٹ پر مہاتما گاندهی کو گلہائے عقيدت نظر کئے۔

وزير دفاع راجناته سنگه، وزير داخلہ امت شاه اور حزب اختلاف کےليڈر راہل گاندهی نے مہا تما گاندهی کی خدمات کو ياد کر تے ہوئے انہيں خراج عقيدت ادا کيا ہے ۔

جمونو کشمير کےليفٹنٹ گورنرمنوج سنہا اور وزير ٰ اعلی عمرعبدالله نے بهی گاندهی جی کو ان کی جينتی پر شاندار لافاظ ميں خراج ادا کيا ہے۔ ملک آج سابق وزير اعظم لال بہادر شاستری کو بهی ان کی سلاگره پر ياد کر ر ہاہے۔

وجے دشمی

ملک بهر ميں آج وجے دشمی کا تہوار منايا جا رہا ہے ۔ يہ تہوار بهگوان رام کی روان پر جيت کے طور پر منايا جا تا ہے جوکہ بُرائی پر اچهائی کی فتح کی علامت ہے۔ دسہره کے موقعے پر آج مندرونميں خصوصی تقاريب کا اہتمام ہے۔ صدر جمہوريہ دروپدی مرمو ، وزير اعظم نريندر مودی، ليفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزير ٰ اعلی عمرعبدالله، کا بينہ وزير ستيش شرما اور کئی اہم شخصيات نے عوام کو وجے دشمی کی مبارکباد پيش کی ہے ۔

مبارکبادی کے اپنے لاگ لاگ پيغامات ميں انہوننے ملک اور عوام کی خوشحلای کےلئے پرارتهنا کی ہے ۔

ملاقات

نے Faizal E.Kottikollon چیئر کے چیرمینUAEمتحدہ عرب امارات بھارت بزنس کونسل کے سرینگر میں□یفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ہے۔

سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت وادی کے مختلف اضلاع میناآج بھی متعلقہ محکموں کی جانب سے کئی پروگراموں کا اہتمام ہے ، جس دوران سرکار کی مختلف حصو□یابیوں اور عوامی بہبودی کے اقدامات کو اجا گر کیا جا رہا ہے ۔

سیوا پرو کے تحت گورنمنٹ ڈگری کا□ج زینہ پورہ شوپیان میں سماجی بہبود، ہارٹیکلچر اور ایگریکلچرمحکموں کی طرف سے جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا، جن کے دوران صفائی ستھرائی کی اہمیت کے علاوہ بہبودی سکیموں میں اندراج عمل میں لایا گیا۔

سیوا پرو کے تحت ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ڈی سی آفس کے احاطے میں" ایک پیڑ ماں کے نام“ اور" ایک پیڑ شہید کے نام“ مہم کی قیادت کی۔

اُدھر کھنہ بل اننت ناگ اور میونسپل کونسل بانڈی پورہ کی طرف سے سیوا پرو کے تحت بلڈ ڈونیشن کیمپ منعقد کئے گئے۔

گاندر بل / پرو

سیوا پرو اور سواستھ نا ری سشکت پریوار ابھیان کے تحت گاندر بل میں بھی کئی مقامات پر ہیلتھ کیمپ اور بہبودی اقدامات کی جانکاری عام□وگوں تک پہنچانے کی غرض سے بیداری کے پروگرام منعقد کئے گئے۔

کنگن ڈاکٹر نذیر احمد نے کیا۔SDMکیمپ کا افتتاح

سیوا پرو کے تحت بھی مال محکمے کی جانب سے بھی گاندربل میں زمین کے انتقال سے متعلق کئی کیمپ منعقد کئے گئے۔

پو□یس

سیوا پرو اور سوچھتا بھارت ابھیان کے تحت جمونو کشمیر پو□یس کی مختلف تنصیبات میں بھی پروگراموں کا انعقاد ہوا۔ مہم کو کامیاب بنانے کے□ئے پو□یس کے افسروں اور اہلکاروں نے اپنی سرگرم شرکت کی دکھائی۔

جمونو کشمير پوليس کو 10 ويں آل انڈيا پوليس جوڑو کلسٹر کی ميزبانی کرنے کا موقع فراہم کيا گيا ہے۔ شائقين سے کہا گيا ہے کہ وه پوليس جوانوں کو جوڑو کهيلتے ہوئے ايکشن مينديکه سکتے ہيں ۔

جمونو کشمير پوليس نے کولگام سے اننت ناگ ضلعے کے 3سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشيات کے کچه مقدار بر آمد کر لی ہے ۔ان کے نام زاہد بشير بٹ ساکنہ بنہ پوره نمبل // عادل احمد وانی ساکن کهانڈے پوره کرانگسو // اور رضوان احمد يتو ساکنہ ہانگل پہلو پہلگام بتائے گئے ہيں۔

مرکزی سيکريٹری

تعليم کی وزارت ميں مرکزی ايڈيشنل سيکريٹری آنند راؤ وی پاٹل کی صدارت ميں سرينگر ميں پوسٹ پرکه راشٹريہ ِ سرو کشن 2024 کی ايک

جائزه ميٹنگ منعقد ہوئی۔

ميٹنگ ميں جمونو کشمير سے تعلق رکهنے ولاے تعليمی شعبے کے سينئر عہديداروں نے شرکت کی ۔

مرکزی سيکريٹری نے جمونو کشمير ميں تعليم کے شعبے ميں بہتری لانے کے کئی امکانات کی نشاندہی کی اور اس سلسلے ميں مرکز کی طرف سے مکمل تعاون کا يقين دلايا۔

بانڈی پوره

نے ضلع بانڈی پوره کے قبائلی گاؤں چهانہ Vibhu Nayarقبائلی امور کے مرکزی سيکريٹری دجی کا دوره کر کے وہاں آدی کرم يوگی ابهيان کے تحت ايک پروگرام ميں شرکت کی ۔

بانڈی پوره نظام لادين بٹ اور ضلع ترقياتی کمشنر بانڈی پوره اِندو کنول چب MLA اس موقعے پر نے ابهيان کے اغراض و مقاصد بيان کئے۔

اعجاز اسد

محکمہ ديہی ترقيات اور پنچايتی راج کے سيکريٹری محمد اعجاز اسد نے يوٹی کيپکس اور سوچه بهارت مشن نيز ديگر سکيموں کے تحت در دستلئے گئے کاموں کی ملای اور مادی پيش رفت کا جائزه ليا۔

شبهرا شرما اور NRLMميٹنگ ميں ڈائريکٹر جنرل رورل سينٹيشن انو ملہوترا // مشن ڈائريکٹر ديگر متعلقہ عہديدار بهی موجود تهے۔ سيکريٹری موصوف نے سبهی کاموں کی بروقت تکميل يقينی بنانے پر زور ديا ۔

ادھر شوپیان اور پلوامہ کے دیہی ترقیات کے محکموں نے مہاتما گاندھی نریگا کے تحت
پلاننگ کا ایک صلاحیت سازی پروگرام منعقد کیا۔GISایک

GST

اصلاحات لاگو ہونے کے بعد کیمیائی کھادیں، قابل تجدید توانائی میں کام آنے GST ملک میں نئی
والی مصنوعات اور ٹیکسٹائل سیکٹر میں استعمال ہونے والے دھاگے بھی سستے ہو گئے ہیں۔

جی ایس ٹی اصلاحات کا عوامی حلقوں میں زبردست خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

....

....

....